YOUTH PARLIAMENT PAKISTAN
OFFICIAL DEBATES

Thursday, September 19, 2013

The Youth Parliament met in the Margalla Hotel Hall Islamabad at thirty five minutes past nine in the morning with Madam Deputy Speaker (Miss Aseella Shamim Haq) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

Madam Deputy Speaker: There is a Calling Attention Notice moved by Ms. Momna Naeem, Mr. Muhammad Ejaz Sarwar and Mr. Reyyan Niaz.

جناب کاشف علی (قائد حزب اختلاف): میڈم سپیکر صاحبہ! میرے خیال میں آپ کچھ بھول گئی ہیں، کل محترم جوگیزئی صاحب اجلاس کی صدارت کر رہے تھے، انہوں نے کچھ announcement کی تھی جو آپ بھول گئی ہیں۔ وہ ایک resolutionتھی اور میرے خیال میں پہلے آپ کو اس طرف جانا چاہیے۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: وہ Orders Of The Day میں نہیں ہے۔ We are going to proceed with the Orders Of The Day.

جناب کاشف علی: یہی تو مسئلہ ہے۔ میڈم سپیکر، معزز سپیکر جو کہہ دیتا ہے اس کے words کی بڑی respect ہوتی ہے، انہوں نے کل اسی ایوان میں announce کیا تھا اور محترم جوگیزئی صاحب کی میری نظر میں آپ سے سو فیصد زیادہ عزت ہے۔ انہوں نے ایک word کہا تھا کہ ہم اس resolution کو withheld کر رہے ہیں، کل charge sheet آئے گی جو Leader of the Opposition present کریں گے اور جسے Deputy Speaker defend کریں گی۔

(مداخلت)

Madam Deputy Speaker: Please order in the House.

جناب کاشف علی: آپ کے پاس discretion ہے کہ اگر میں charge sheet نہیں لاتا، آپ اسresolution کو ہمیشہ کے لیے dismiss کر سکتی تھیں۔ وہ resolution Orders Of The Day میں ہی نہیں ہے، وہ کیوں نہیں؟ مجھے بتایا جائے؟

(مداخلت)

جناب کاشف علی: میڈم سپیکر! میرے ساتھ یہ کیا مذاق ہور رہا ہے؟ مجھے اس کی سمجھ نہیں آرہی، کیا ہو رہا ہے؟

(مداخلت)

رانا فیصل حیات (وزیراعظم یوتھ پارلیمنٹ): میڈم سپیکر! Orders Of The Day میں جو چیز نہیں ہو گی، وہ یہاں discuss نہیں ہو گی۔

جناب کاشف علی: آپ جو یہ تماشہ کر رہے ہیں مجھے پتا ہے کہ آپ یہ deliberately کر رہے ہیں۔

(مداخلت)

میڈم ڈپٹی سپیکر: آپ پہلے مجھے کچھ بولنے دیں گے؟ You said you have a lot of respect for Jogazai *sahib* but you have any respect for the office of the Speaker? I am sitting here right now. That resolution is not in the Orders Of The Day. Please take your seat, آپ ایوان کا وقت ضائع کر رہے ہیں۔

جناب کاشف علی: آپ مجھے اس resolution کے متعلق بتائیں کیونکہ میں ایک justified چیز پوچھ رہا ہوں۔

Madam Deputy Speaker: That resolution is not in the Orders Of The Day.

جناب کاشف علی: میں تو یہ کہہ رہا ہوں کہ آپ کو اس seat پر بیٹھنا ہی نہیں چاہیے تھا۔

(مداخلت)

میڈم ڈپٹی سپیکر! آپ میری بات بھی سن لیں۔ جب Secretariat کو آپ کی کوئی چیز ملی ہی نہیں تو وہ کس طرح Orders Of The Day پر آسکتی ہے؟

جناب کاشف علی: میڈم سپیکر! آپ بھی کل یہاں بیٹھی ہوئی تھیں، انہوں نے کیا کہا تھا؟

میڈم ڈپٹی سپیکر: آپ نے جو اپنی charge sheet کب submit کی تھی؟

جناب کاشف علی: میڈم سپیکر! کل 6:30 اجلاس ختم ہوا، میں سات بجے کیسے کر سکتا ہوں؟

میڈم ڈپٹی سپیکر: جب آپ resolution لائے تھے، you should already have the charge sheet, you did not, you had a lot of time.

جناب کاشف علی: میڈم سپیکر! میں یہی بتا رہا ہوں کہ charge sheet کا resolution سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

Madam Deputy Speaker: Please take your seat.

جناب کاشف علی: میں یہی چاہتا ہوں کہ آپ جوگیزئی صاحب سے پوچھ لیں کہ اس کو کیوں remove کیا گیا، میں اس کے بغیر proceedings نہیں چلنے دوں گا، میں ناانصافی برداشت نہیں کر سکتا۔

(مداخلت)

جناب کاشف علی: میڈم سپیکر! یا تو آپ بتا دیں کہ ہم نہیں کرنا چاہتے، میں ہار کر بھی جیت گیا، میں اپنی ہار کو قبول کر لوں گا اور میں اسے withdraw کر لوں گا۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: آپ کی جو بھی reservations ہیں، I would like to ask the Secretariat to address them. Now we are going to move Item No. 2. There is a Calling Attention Notice moved by Ms. Momna Naeem, Mr. Muhammad Ejaz Sarwar and Mr. Reyyan Niaz. Ms. Momna Naeem *sahiba*.

CALLING ATTENTION NOTICE

Ms. Momna Naeem: Thank you Madam Speaker. I would like to invite attention of the Youth Prime Minister towards the negligence of Youth Governmental Bodies in the formulation and presentation of appropriate policies in response to the legislation/motions discussed earlier in Youth Parliament’s Session.

میڈم سپیکر! میں جو یہ Calling Attention Notice لے کر آئی ہوں برائے مہربانی اسے seriously لیا جائے اور مجھے درمیان میں disturb نہ کیا جائے، جس نے بھی بات کرنی ہے، وہ بعد میں بات کر لے۔ سب سے پہلی بات یہ ہے کہ اڑھائی اجلاس ہو چکے ہیں جن میں ہمارے وزیراعظم صاحب کی حکومت رہی ہے، ابھی دو دن اور گزریں گے۔ حزب اختلاف نے یہ note کیا کہ جتنی policies, resolutions, motions, calling attention notices یہاں آتے ہیں، ان پر accordingly کوئی کام نہیں کیا جاتا۔ کام کیوں نہیں کیا جاتا کیونکہ یہاں ایوان میں بیٹھے ہوئے لوگوں کو یہ سب کچھserious نہیں لگتا۔ مجھے بہت افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ہم سب، not only me, not only Green Party, Blue Party اپنے دوسرے کاموں کو چھوڑ کر، اپنی تعلیم چھوڑ کر یہاں آنا پڑتا ہےاور یہاں آکر ہم سوائے باتیں کرنے کے کچھ نہیں کرتے۔ میں وزیراعظم صاحب کی توجہ اس معاملے پر اس لیے مبذول کروانا چاہتی ہوں کیونکہ being a parliamentarian میرے لیے یہ ضروری ہے کہ میں جو resolution دوں اگر وہ منظور نہیں ہوتی تو اس کو چھوڑ دیا جائے اور اگر وہ منظور ہو جاتی ہے تو اس پر accordingly کوئی Bill, کوئیpolicy یا کوئی ایسی چیز آئے جس سے مجھے پتا چلے کہ میری لائی گئی resolution پر کوئی کام ہوا ہے، میرے کام کو کوئی اہمیت ملی ہے، یہاں میرے پانچ دن ضائع نہیں ہوئے، ان پر کسی نے کوئی توجہ دی ہے۔

میڈم سپیکر! جب سے رانا فیصل حیات صاحب کی نئی حکومت آئی ہے نو عدد reports پیش کی گئیں، reports سے میرا مطلب Bills, Policies and Reports ہے۔ ان نو reports میں سے چا Green Party نے پیش کی ہیں، یہاں Green Party کا role opposition کا ہے، Opposition is not and never suppose to present policies or Bills. Policies, Bills, Laws, Amendments Government کی طرف سے پیش کیے جانے چاہیں، اپوزیشن اس پر discuss کر ے اور اس کے بعد اسے منظور کرنا چاہیے۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: محترمہ آپ کو Private Member’s Bill کی اجازت ہے۔

محترمہ مومنہ نعیم: میڈم سپیکر! میں یہاں Private Member’s Bill کی بات نہیں کر رہی کیونکہ ہم ایوان میں اس پر discussion نہیں کرتے۔

Madam Deputy Speaker: No but when you say Bills, you should specify that you only talk about Government Bills.

Ms. Momna Naeem: Obviously Government Bills because I am addressing to the Prime Minister تو وزیراعظم حکومتیBills کے لیے responsible ہوتاہے۔ اس کے بعد five reports Blue Party کی طرف سے آئیں جو کہ اس وقت حکومتی پارٹی ہے، جن میں three polices and two Bills تھے۔ ان میں ایک امین اسمعیلی صاحب کا تھا جس کا حال سب کو پتا ہے کہ اس کے ساتھ کیا ہوا؟ میرا یہ سب کچھ discuss کرنے کا مقصد کسی کو hurt کرنا، کسی پر طنز کرنا نہیں ہے، انشاءاللہ تعالیٰ میں، میرے Green Party کے ممبران، میرے پارٹی لیڈر جب ایم پی اے، ایم این

اے بنیں گے اور انشاءاللہ پارلیمنٹ میں بیٹھیں گے تو یہ سب کچھ نہیں کریں گے کیونکہ ہم لوگوں کو یہاں کام کرنے کی عادت ہے، ہم لوگوں کو یہاں issues discuss کرنے کی عادت ہے، ایک دوسرے کو criticize کرنے کی عادت نہیں ہے۔ میرے خیال میں ہم یا Blue Party میں سے کوئی بھی ممبر، مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے کہ وہ آگے بیٹھے ہوئے لوگ ہوں یا پیچھے بیٹھے ہوئے لوگ ہوں جو بھی کوئی چیز لاتا ہے برائے مہربانی اس پر توجہ تو کریں۔ اگر کوئی resolution کمیٹی کی طرف گئی ہے تو برائے مہربانی اس کو review تو کریں۔ وزیر اعظم صاحب! resolution لکھنا کوئی بچوں کا کھیل نہیں ہے، میں نے تین اجلاسوں میں لکھیں، چوتھے میں مجھے یہ لکھنی آئیں، I am a student of software engineering, مجھے نہیں پتا کہ policies کیا ہوتی ہیں لیکن میں نے اس بارے میں پڑھا، میں نے سیکھا کیونکہ مجھے سیکھنا تھا کیونکہ مجھے یہاں اپنا ایک image بنانا تھا کہ مومنہ نعیم کو کچھ آتا ہے۔ جب مومنہ نعیم نے کچھ کیا تو اس پر توجہ کیوں نہیں دی گئی؟ میرے خیال میں یہاں اب طنز اور مذاق کرنے کے بجائے seriously بات کی جائے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: جی اعجاز سرور صاحب۔

جناب محمد اعجاز سرور: میڈم سپیکر! تیسرے اجلاس میں energy and youth پر کمیٹیاں بنائی گئیں تھیں لیکن ان کی کوئی progress نہیں ہے، ابھی تک کوئی report نہیں آئی and I think ابھی تک ان کا ابھی تک کوئی اجلاس بھی نہیں ہوا، وہ کمیٹیاں ہوا میں بنی ہیں۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: جناب ثقلین صاحب! ایوان میں سپیکر کی اجازت کے بغیر بولنے کی بالکل اجازت نہیں ہے۔ محترم وزیر اعظم صاحب۔

رانا فیصل حیات: شکریہ، میڈم سپیکر! مجھے ان لوگوں کی معصومیت پر بڑی حیرت ہوتی ہے جو یہ Calling Attention Notice لے کر آئے ہیں۔ میں سب سے پہلے مومنہ نعیم صاحبہ کو مبارکباد دوں گاکہ ان کا image تو بن گیا۔ انہوں نے کہا ہے کہ انہوں نے بڑی محنت سے کام کیا ہے، میں ان کے کاموں پر آنے والے ایک دو دنوں میں کافی روشنی ڈالوں گا، انشاءاللہ وہ سن کر کافی خوش ہوں گی۔

میڈم سپیکر! اس حکومت کو آئے ہوئے دو مہینے ہوئے ہیں۔ پچھلی حکومت چھ مہینے رہی، تب تو خیر انہیں یہ باتیں یاد نہیں آئیں لیکن چلیں anyway ابھی انہوں نے کہا کہ five Reports, Polices and Bills آگئے ہیں، ہم نے انتھک محنت کی ہے، ایک policy آج آئی ہے، دو کل آئیں گی اور دو پرسوں آئیں گی۔

(مداخلت)

Madam Deputy Speaker: Order in the House. Yes Prime Minister *sahib*.

رانا فیصل حیات: ہم دو مہینوں کے عرصے میں وہ کام کر رہے ہیں جو چھ مہینوں میں نہیں ہوئے۔ اگر ان چھ مہینوں کا کام دیکھیں تو اس کے حساب سے ہم بارہ مہینوں کا کام دو مہینوں میں کر رہے ہیں۔

(اس موقع پر ڈیسک بجائے گئے)

رانافیصل حیات: میں آخر میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ قائد حزب اختلاف کو ایوان میں ہنسنے کا بہت شوق ہے۔ اگر یہ ہمیں کام کرنے دیں، ہمیں encourage کریں، ہمیں سازشوں میں نہ الجھائے رکھیں تو شاید ہم اس سے بھی زیادہ کام کرلیں جتنا ہم کرنا چاہ رہے ہیں۔ شکریہ۔

Madam Deputy Speaker: In future I request every member of the House to be very careful for they say and how they said. Now we are going to move on Item No. 3 of our agenda. Mr. Hazat Wali Kakar, Mr. Mateeullah Tareen, Mr. Hasham Malik, Ms. Babila Jaffar and Mr. Inam Ullah Marwat would like to move a resolution. Mr. Hazrat Wali Kakar *sahib*.

RESOLUTION

Mr. Hazrat Wali Kakar: Thank you Madam Speaker. I would like to move a resolution that;

> "This House is of the opinion that Government of Pakistan must re-visit the Qisas and Diyat Ordinance of 1990 and ensure sufficient mechanisms within the law to achieve justice and equality for all as guaranteed in Articles 3, 9 and 25 of the Constitution. Furthermore, the Government shall ensure measures to bring justice to the footsteps of the victims and their families".

میڈم سپیکر! اس resolution کو یہاں لانے کا مقصد ہم سب کے سامنے ہے، وہ یہ کہ اس کی implication اور اس کا misuse ہے، ہم سب جانتے ہیں۔ اس وقت ایک globalize media کا دور ہے، ہم نے اس کا misuse شاہ زیب کے مقدمے میں دیکھا ہے۔ اس بات کو دیکھتے ہوئے کہ ایک قاتل کو قانون نے کس طرح protection دی اور اس کی جو وجہ ہے، ہم یہ اس لیے کہہ رہے ہیں کہ اس کا re-visit ہوناچاہیے اور اس میں جو بات بھی ہو وہ قانون کے مطابق ہو۔ جب شاہ زیب کا قتل ہوا تو اس کے خلاف میں کھڑا ہوا، آپ کھڑی ہوئیں، یہ ایوان، civil society, media سب نے کھڑے

ہوکر ایک pressure build کیا جس کی وجہ سے Chief Justice of Pakistan نے اس case پر *suo moto* action لیا۔ اس کے نتیجہ یہ ہوا کہ اس قاتل کو سزا ملی، لوگ خوش ہوئے اور ہمارے اندر اس طرح کے issues میں ایک نیا جذبہ پیدا ہوا کہ society میں جب بھی اس طرح کے جو heinous crimes ہوں تو ان کے خلاف ہم یک زبان ہو کر کھڑے ہونا ہے لیکن جب اس کا نتیجہ ہمیں ملا تو اس سے نہ صرف ہماری دل آزاری ہوئی، media کی نہیں ہوئی، سپریم کورٹ کی ہوئی ہے کیونکہ justice نہیں ہو رہا ہے، اس وجہ سے اس کاmisuse ہو رہا ہے۔ لہٰذا میں اس ایوان کے سارے ممبران سے یہ درخواست کرتا ہوں کہ اس issue کو جانتے ہوئے اور اس کی importance کو دیکھتے ہوئے ایک ایسا قانون بنا دیا جائے جس میں امیر اور غریب سب برابر ہوں، جس میں یہ نہ ہو کہ جو امیر اور feudal کو پتا ہے کہ ہم تو قانون خرید سکتے ہیں، ہم انہیں یہ بتانا چاہتے ہیں کہ آپ قانون کو نہیں خریدسکتے، قانون کی نظر میں سب برابر ہیں کیونکہ قانون کا مقصد یہی ہے۔ ایسا قانون بنا دیا جائے جس میں امیر غریب اور gender discrimination نہیں ہونی چاہیے، جس میں سب کے لیے equality ہونی چاہیے۔

میڈم سپیکر! میں ٹی وی پر دیکھ رہا تھا کہ نبیل گبھول صاحب یہ کہہ رہے تھے کہ شاہ زیب کی فیملی شاید ان کے relatives ہیں اور وہ کہہ رہے تھے کہ مجھے بلوچستان کے نو سرداروں نے approach کیا کہ آپ اس case کو حل کریں۔ یہ قتل صرف ایک individual کا قتل نہیں ہے بلکہ یہ state کے خلاف ہے۔ اگر آپ اپنے والدین کو یہ اختیار دے رہے ہیں کہ وہ اپنی اولاد کے خون کو معاف کر سکتے ہیں تو پھر انہیں یہ بھی اختیار دے دیں کہ وہ اپنے بچوں کو قتل بھی کر سکتے ہیں۔ لہٰذا ایسا قانون کبھی بھی نہیں بننا چاہیے اور اگر ایسا کوئی قانون موجود ہے تو اسے re-visit کیا جائے۔ میری درخواست ہو گی کہ اس معاملے کو serious لیا جائے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: محترم مطیع اللہ ترین صاحب۔

جناب مطیع اللہ ترین: شکریہ، میڈم سپیکر! .Qisas and Diyat Ordinance 1990 یہ Islamic Laws Ordinance کو مدنظر رکھتے ہوئے منظور کیا گیا تھا۔ جب کبھی کوئی قتل ہوتا ہے یا کوئی crime ہوتا ہے یا کسی انسان کو humanly torture کیا جاتا ہے یا اسے injured کیا جاتا ہے، اس کے لیے Islamic Sharia میں کچھ specified conditions ہیں اور وہ تین ہیں کہ اس crime کو کیسے deal کیا جاسکتاہے۔ اس میں پہلی قصاص ہے، Qisas is the equal punishment for the crime committed کہ جو جرم جس طریقے سے commit کیا گیا، اسی طریقے سے ہی victim کو یا اس کے legal heirs کو یہ اجازت دی جائے کہ وہ اسی طرح ویسے ہی اس کا بدلہ لیں اور وہ crime ویسے ہی commit کریں۔ اس کے بعد دوسرا طریقہ دیت ہے کہ آپ نے جو قتل کیا ہے یا جو injury کی ہے، اس کی compensation کی جائے، compensation in monitory terms اس میں پیسے بھی آسکتے ہیں، مال بھی آسکتاہے، اس میں زمین بھی آسکتی ہے، اس میں جائیداد کی کوئیform ہوسکتی ہے، اس monitory term میں اس کی compensation کی جاتی ہے and the third one is very important جس پر ہم یہ Ordinanceلے کر آئے ہیں اور اس ایوان میں جس کی importance بتانا چاہتے ہیں i.e., you forgive them to pardon the accused. آپ accused کو خدا کے لیے بخش دیتے ہیں۔ Now this part is very important کیونکہ اس part کا ہماریsociety میں تب غلط استعمال ہوتا ہے جب آپ کے پاس power ہے، دولت ہے، قانون ہے، آپ اس کا completely illegal استعمال کر سکتے ہیں۔ حضرت ولی صاحب نے آپ کو اس کی ایک مثال دی، اس طرح کی بہت ساری مثالیں ملیں گی اگر آپ ان کی theoretical base پر جائیں۔ The very important one and a very famous example is that of Raymond Davis. Raymond Davis نے اسی چیز کا فائدہ اٹھاتے ہوئے بیس کروڑ روپے کی مالیت میں تین قتل کیے، ان تین مقتولین کی families کو انہوں نے بیس کروڑ کے عوض خرید لیا تھا۔ ٹھیک ہے ایک Islamic way ہے، اسلام کہتا ہے کہ آپ اسے compensate کر سکتے ہیں۔ ایک foreign delegate آپ کے شہر میں تین نہتے شہریوں کو مار دیتا ہے اور اس کی compensation صرف بیس کروڑ روپے رکھ دی جاتی ہے اور وہ راتوں رات رہا ہو جاتا ہے، عدالت کی جو judgment ہے، عدالت کی punishment and decision سب کی violation ہوتی ہے، وہ آدمی راتوں رات ایک private jet کے ذریعے پہلے افغانستان اور پھر وہاں سے امریکہ پہنچ جاتا ہے۔ So this is the important جس کی وجہ سے ہم یہ لا رہے ہیں۔

میڈم سپیکر! اس Ordinance میں کچھ categories دی ہوئی ہیں، ہم ان پر بھیdefinitely تھوڑی سی بات کریں گے کہ وہ کون سی category ہے جس کی وجہ سے ہم specifically یہ resolution لائے ہیں جو اسOrdinance کو affect کرتی ہے۔ اس کے Section 315, 318 and 321 میں three categories دی ہوئی ہیں، قتل امد، قتل خطا اور قتل بسبسب، یہ تین categories دی گئی ہیں۔ 'قتل امد' that is death on purpose کہ آپ own purpose قتل کرتے ہیں اور own purpose قتل کرنے کے بعد آپ کو دیت پر صلح نہیں کرنی ہوتی بلکہ آپ کو maximum چودہ سال کی سزا ہو سکتی ہے، وہ punishment کم بھی ہو سکتی ہے اور معاف بھی ہو سکتی ہے۔ 'قتل خطا' آپ نے انجانے میں ایک قتل کر دیا، آپ نے ایک mistake کر دی ہے، اس کے لیے دیت بھی رکھی گئی ہے کہ اس کی ایک amount pay کرنی ہے اور اس کے علاوہ پانچ سال کی سزابھی رکھی گئی ہے۔ 'قتل بسبسب' death without any intention کہ آپ کی intention نہیں تھی،

آپ نے کسی قانون کی مخالفت کی اور کوئی قتل ہو گیا تو اس میں صرف دیت دینی پڑتی ہے، اس کی کوئی سزا نہیں ہوتی۔ ان تین categories میں "death on purpose" first category specifically کو address کیا جائے کہ on purpose killings میں صرف دیت کے نام پر پیسے دے کر اس کو معاف نہ کیا جائے۔ اس سے تمام justice system violate کیا جارہا ہے۔ Article 3, 5 and 19 of the Constitution of 1973 میں human rights کو protection دی جاتی ہے، جو human rights کی بات کرتے ہیں، آپ ان human rights articles کے خلاف جا رہے ہیں۔ ہم دیکھتے ہیں کہ قتل Raymond Davis case میں بھی ہوا، شاہ زیب قتل case میں بھی ہوا اور اس طرح کے جتنے بھی cases ہوئے ہیں، ان تمام cases میں clear cut یہ کہ family کو torture کیا جاتا ہے، انہیں دھکمیاں دی جاتی ہیں اور انہیں clear cut یہ message بھیج دیا جاتا ہے کہ ایک آدمی گیا ہے، اور بھی جا سکتے ہیں کیونکہ قاتل کے لواحقین power میں ہوتے ہیں، ان کے پاس صرف دولت کا نشہ نہیں ہوتا بلکہ اقتدار کے لوگ بھی ان کے pockets میں ہوتے ہیں، وہ کچھ بھی کر سکتے ہیں تو ایسے مقدمات میں we request from this floor کہ ایسے تمام Ordinances and related laws کو re-visit کیا جائے اور خدارا! پاکستان کے عام لوگوں کو باور کروایا جائے کہ اب آپ لوگ بھی پیسے والے لوگوں کے برابر ہیں، اگر وہ بھی کسی قانون کی خلاف ورزی کرتے ہیں, they are victim and they will be accountable ان سے پوچھا جائے گا کہ انہوں نے قانون کی خلاف ورزی کی اور ایک عام آدمی سے بھی پوچھا جائے گا۔ So I believe کہ تمام ایوان اس چیز پر ہمارے ساتھ agree کرے گا اور اس قانون کو آگے لے جایا جائے گا۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: محترمہ نبیلہ جعفر:

Ms. Naibla Jaffar: Thank you Madam Speaker. Justice has always been murdered in Pakistan, یہ بات ہم پہلے سے ہی جانتے ہیں کہ پاکستان میں انصاف کا قتل ہوا ہے۔ اصل میں یہ ایک شاہ زیب نہیں ہے یا ہمارے پاس دوسرے لوگوں کی مثالیں نہیں ہے بلکہ ہمارے ہاں ہمیشہ انصاف کا قتل ہوتا ہے۔ میں یہ کہوں گی کہ nations emerge when there is rule of law and nations are destroyed when there is no rule of law. میں سمجھتی ہوں کہ پاکستان کبھی as a nation emerge ہو ہی نہیں سکتا اگر یہاں کسی individual کی زندگی کی اہمیت نہیں ہے۔ ہم اسے صرف generalize کر سکتے ہیں، ہم ایک precedent قائم کر رہے ہیں۔ آج ایک شاہ زیب کا case ہے، کل کو اس طرح ارادۃً قتل ہوتے ہیں، ان کی معافی شروع ہو جائے گی۔ لوگ پیسوں سے اپنے لیے معافی خریدیں گے تو میرے خیال میں اس ملک میں ہم انصاف کو دفن کر دیں گے۔

میڈم سپیکر! میں یہ کہوں گی کہ Pakistan Penal Code 3009 جس کے تحت قصاص کے ذریعے کسی کو pardon کیا جاتا ہے لیکن اس کا clash Anti Terrorism Act کے ساتھ ہے، Anti Terrorism Act کے تحت کسی individual کا قتل کسی individual کا قتل نہیں ہے بلکہ آپ نے ایک society میں بہت سارے لوگوں کا قتل کیا ہے، اس لیے آپ individually اسے pardon کر ہی نہیں سکتے۔ حکومت کو اس چیز کو address کرنا چاہیے کہ وہ Anti Terrorism Act کو importance دینا چاہ رہی ہے یا قصاص او ردیت کے جو قوانین بنائے ہوئے ہیں، ان کے ذریعے لوگوں کو انصاف دلانا چاہ رہی ہے؟ سب سے پہلے حکومت کو اس چیز پر clear ہونا چاہیے کہ وہ Sharia Law کی طرف جا رہے ہیں جس کو لوگ ہر مرتبہ misuse کرتے ہیں یا پھر ایک strict and rule for everybody یعنی rule سب کے لیے ایک ہو، قانون کی بالادستی ہو اور اگر وہ قانون کی بالادستی چاہتے ہیں تو میرے خیال میں یہ president قائم نہیں کرنا چاہیے تھا۔

میڈم سپیکر! میں نے کچھ دن پہلے پڑھا تھا کہ سندھ حکومت نےایک ماہ پہلے ہمارے سابق صدر آصف علی زرداری صاحب کو ایک summary بھیجی تھی جو direct Presidency گئی تھی اور اس میں یہ درخواست کی گئی تھی کہ شاہ زیب کو pardon کیا جائے۔ وہ درخواست وزارتِ داخلہ سے ہو کر نہیں گئی تھی۔ سب سے پہلے تو اس طرح کی violations ہو رہی ہیں۔ اس ملک میں اتنا influence use کیا جارہا ہے تو پھر ہم اپنے ملک میں انصاف کی توقع نہیں کر سکتے۔ میرے خیال میں یہاں terrorism اور دوسرے مسائل کی جڑ یہ ہے کہ ہم ایک individual کی زندگی کو کبھی اہمیت نہیں دیتے۔ یہاں ایک ساتھ کسی بم دھماکے میں سو لوگوں کا قتل ہو جاتا ہے، ہمیں کوئی فرق نہیں پڑتا۔ اس چیز نے ہمیں عادی کیا ہوا ہے۔ میرے خیال میں ہمیں جاگ جانا چاہیے اور یہاں جتنی بھی international forces کی involvement ہے ہم اسے تب ہی کم کر سکتے ہیں جب ہم اپنے شہریوں کی زندگیوں کو اہمیت دیں۔ ہم social security laws کو strengthen کریں، ایک شہری کو اہمیت دیں بجائے اس کے کہ ہم کسی influential, feudal lord یا کسی اور کو اہمیت دیں، ہمیں institutions کو strong بنانا ہے۔ میرے خیال میں اس طرح نہ صرف انصاف کا قتل ہوا ہے بلکہ ہم نے institutions کو بھی کمزور ثابت کر دیا ہے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: محترم انعام اللہ مروت صاحب۔

Mr. Inam Ullah Marwat: Thank you Madam Speaker. Today one thing that is haunting my mind the famous saying of Rousseau once he said that "In truth, laws are always useful to those with possessions and

harmful to those who have nothing". I think Rousseau was quite aware of such type of exploitative laws that may appear in future, perhaps he was quite aware of that sort of situation somewhere erupting here in Pakistan which we are now facing. Madam Speaker, the issue highlighted at present is a lot of significance, the sort of maneuvering, the sort of manipulation that is done in this Qisas and Diyat Ordinance. The sort of cases that have been pointed out like Shahzaib and Raymond Davis case, we have already witnessed it. Today making it a significant, yesterday a panel of society that was consisting of educationists, lawyers and teachers have made a petition to the President and have asked that this Ordinance should be reviewed because there is a lot of maneuvering and exploitation that is going on this law should be addressed.

Madam Speaker, in that petition there was a point that murder should not be crime against a person it should be against the state. This is something which we are witnessing in this Ordinance that sort of punishments that have been pointed out Mr. Mateeullah Tareen Qisas, Diyat and Pardon. We are just throwing the ball into the court of a person that you should decide that what should be the outcome? Why we need such thing that murder should not be a sort of crime against a person, it should be considered at the state level. It is disturbing the social contract fabric that we have developed, we have sort of rights upon the state, state has to cater those duties. If we are letting those parliamentarians sitting in the Parliament, you just cater our interests, there should a check upon them, they should ensure such sort of security, the sort of Articles, the fundamental rights that have been pointed out in this resolution 3, 9 and 25. These are the fundamental rights and you can not ignore them, you need to address them. Thank you.

میڈم ڈپٹی سپیکر: شکریہ، محترمہ مومنہ نعیم صاحبہ۔

Miss Momna Naeem: Thank you madam Speaker. I completely endorse the resolution.
یہاں پر میں صرف ایک بات add کرنا چاہوں گی کہ انہوں کہا کہ Sharia Law کو revisit کرنا چاہیے۔ میرے خیال میں ان کو ساتھ یہ بھی mention کرنا چاہیے تھا کہ ہم سب کو اس بات پر بھی سوچنا چاہیے کہ Sharia Law کو آپ صرف پارلیمنٹ میں بیٹھ کر revisit نہیں کر سکتے۔ آپ کو چاہیے کہ آپ تمام اسلام سکالرز کو ایک جگہ بٹھائیں اور ان کے ساتھ ملک کر اس کو review کریں۔ ہمارے ملک میں فرقے بہت زیادہ ہیں۔ ایک کہے گا کہ آپ نے یہ کام غلط کیا ہے اور دوسرا کہے گا کہ یہ صحیح ہے۔ میرے خیال میں کوئی midline بنانی چاہیے جس سے ہماری سٹیٹ اور اس کے قانون کو de-stable بھی نہ کیا جائے اور دوسرا یہ کہ ہمارے جتنے بھی اسلامی فرقے ہیں ان کی دل آزاری بھی نہ ہو۔ شکریہ۔

ایک معزز رکن: میڈم سپیکر! ایک point of personal explanation.

میڈم ڈپٹی سپیکر: جی محترم۔

ایک معزز رکن: میڈم clear cut اس میں لکھا ہوا ہے "that the Government of Pakistan" اور Government of Pakistan کا مطلب ہے کہ we are addressing the Government اور اس میں آپ directly کہتے ہیں کہ Government of Pakistan اس کو address کرے تو جب Government of Pakistan کرتا then the Government of Pakistan knows that it is an Islamic State and Islamic State وہ سکالرز کو incorporate کرتے ہیں۔ That is a complete mechanism for this. اس میں سکالرز بھی ہوتے ہیں، اس میں علما بھی ہوتے ہیں، اس میں سیاستدان بھی ہوتے ہیں، اس میں intellectuals بھی ہوتے ہیں، ایک complete committee اس کو address کرتی ہے۔ So, we are addressing that Government structure کہ وہ اس کمیٹی کے ذریعے اس کو address کرے۔ ہم ایک specific علما کے گروپ کو نہیں کہہ رہے، ایک specific politician کو ہم نہیں کہہ، ایک specific parliamentarian کو نہیں کہہ رہے ہیں، ہم overall Government کو request کر رہے ہیں کہ اس کو revisit کیا جائے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ محترم ہشام ملک صاحب۔

جناب ہشام ملک: شکریہ میڈم سپیکر۔ فی الحال تو مجھے یہی معلوم ہوتا ہے کہ قصاص اور دیت کا قانون یہ ہے کہ اگر میرے باپ کے پاس پیسہ اور طاقت ہے تو میں کسی بھی قسم کا جرم کرکے چھوٹ سکتا ہوں۔ بہرحال اس میں اس کیس کے حوالے سے مجھے اس وقت افسوس ہوا جب ہمارے علمائے دین نے بھی ٹی وی پر آ کر یہ کہا کہ یہ بالکل صحیح ہوا ہے اور قانون کے مطابق ہوا ہے جبکہ میرے خیال میں پورے ایوان نے یہ دیکھا ہوگا کہ اس لڑکے پرکسی بھی پیشی پر کوئی شرمندگی کے آثار نہیں تھے۔ جب سزائے موت سے جان چھوٹی تو وہ victory کا نشان بنا کر باہر آیا۔ بہرحال یہ سب سے بڑی بات ہے کہ اب بات کی جائے اسلامی قوانین کی۔ کون سے اسلامی قوانین ایسے ہیں جن کی بنیاد پر ہم کہہ سکتے ہیں کہ وہ انصاف دیتے ہیں۔ توہین رسالت والے کیا انصاف فراہم دیتے ہیں؟ کیا حدود آرڈیننس انصاف دیتا ہے کہ جس خاتون کا rape ہوا، اس کو چار گواہ لانے پڑیں گے ورنہ وہ ثابت نہیں کر سکے گی۔ ہم صبح و شام رونا تو روتے ہیں کہ ہمارے اسلامی قوانین کا نفاذ ہونا چاہیے۔ ان سے بہتر تو مغربی قوانین ہیں، at least

جو culprit ہوتا اس کو سزا تو ملتی ہے۔ اس قانون کی وجہ سے ہی ریمنڈ ڈیوس کا امریکہ جا کر بھی trial نہیں ہوا کیونکہ جو aggrieved party تھی انہوں نے قانون کے تحت اس کو معاف کر دیا تھا۔ وہ نہ صرف یہاں کے قانون سے بچا بلکہ وہ وہاں کے قانون سے بھی بچ گیا، صرف اس وجہ سے کی مرنے والوں کی family نے ایک agreement کر لیا تھا۔

آخر چیز جو میں کہنا چاہوں گا ، میں کسی کو violence کی طرف نہیں لے جانا چاہ رہا ہوں لیکن اس دن میں ایک چیز سوچنے پر مجبور ہو گیا تھا کہ جب یہ فیصلہ ہوا کہ جی صلاح ہو گئی ہے تو کہاں تھا ممتاز قادری اور کہاں تھے وہ وکلا ء جنہوں نے یہ نہیں دیکھا کہ اسلامی قوانین کا کس طرح مذاق اڑایا گیا۔ بس میں یہی کہنا چاہوں گا کہ ایک امیر کا بیٹا چھٹ گیا اور غریبوں کے بچے سڑھ رہے ہیں جیلوں میں۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ محترم عبدالصمد صاحب۔

Mr. Abdul Samad Khan: Thank you Madam Speaker. It was a very comprehensive resolution and being very nicely explained by all the members and I totally endorse it.

میڈم سپیکر! اسلامی قوانین کی کچھ بات کی گئی ہے تو there is sort of confusion کہ اسلام انصاف مہیا نہیں کرتا۔ ہم یہاں پر زیادہ تر مسلمان ہیں لیکن دیگر مذاہب سے تعلق رکھنے والے لوگ بھی موجود ہیں۔ ایک Islamic State ہونے کے ناطے ہم اسلامی قوانین یقیناً لاتے ہیں لیکن مسئلہ کدھر آتا ہے کہ آپ اسلامی قوانین کو پوری طرح implement نہیں کر پاتے۔ I mean, I don’t think so کہ اسلامی قوانین میں اس طرح کی کوئی بات ہے۔ For example, I would like to give one of the examples کہ ایک مرتبہ اس طرح ہوا کہ حضور □ کے سامنے ایک چور کو لایا گیا اور مطلب یہی تھا کہ شریعت کے مطابق چور کا ہاتھ کاٹا جائے کیونکہ یہی سزا ہے۔ اب نبی □ کے سامنے جب اس بات کو لایا گیا تو انہوں نے چور کے ہاتھ کاٹنے کا حکم دے دیا۔ اب نبی □ چونکہ ہم سنتے بھی آ رہے ہیں اور ہمارا مذہب ہمیں یہی تعلیم دیتا ہے کہ بھئی وہ بہت رحم دل اور ترس کھانے والے تھے تو وہ اس بات پر بہت روئے کہ ایک مسلمان کا ہاتھ کٹا ہے، جس بندے نے وہ دعوی کیا تھا اور جب اس چور کا ہاتھ کٹ گیا تو اس کے بعد ان صحابی کو جا کر کہا کہ کیا اب تمہاری آنکھیں ٹھنڈی ہو گئی تو اس بندے نے کہا کہ یا رسوال اللہ □ اگر آپ کو پسند نہیں تھا تو آپ منع کر دیتے تو آپ □ نے فرمایا کہ میں منع نہیں کر سکتا تھا کیونکہ تم میرے پاس لے آئے تھے اور یہ state کا issue تھا تو اس وجہ سے میں منع نہیں کر سکتا تھا اور میں نے اس order جاری کرنا تھا۔ اس کا ایک اور perspective بھی۔ مطلب یہ کہ جس طرح ہمارے معاشرے میں جرگہ اور پنچائیت وغیرہ کا نظام ہے تو وہ جتنے بھی cases ہوتے ہیں ان کو وہ ایک طریقے سے arbitrate یا mediate کر دیا جاتا ہے۔ اس میں یہ بات ہوتی ہے کہ before the judgement is passed مطلب یہ کہ اب تو judgement pass ہو گئی ہے، اس کے بعد انہوں نے معافی کا اعلان کیا ہے لیکن before the judgement is passed اس میں یہ پوچھا جاتا ہے کہ آپ ان کو معاف کرنا چاہتے ہیں یا نہیں؟ مثال کے طور پر جرگہ کے قوانین ایسے ہیں کیونکہ میری اکثر ان میں شرکت ہوتی رہتی ہے، وہاں پر اگر کسی بندے نے قتل کیا ہے تو جس طریقے سے قتل کیا گیا ہے اسی طریقے سے اس کے ورثہ اس کو سزا دیں گے۔ For example he has been killed by pistol تو اس کے ورثہ کو وہی pistol پکڑایا جاتا ہے اور اس بندے کو سامنے لایا جاتا ہے اور اس سے پوچھے جاتا ہے کہ اگر تم اسے مارنا چاہتے ہو تو تمہارے پاس اختیار ہے اور اگر تم اسے معاف کرنا چاہتے تو تمہارے پاس اختیار ہے but before the judgement is passed. پھر آگے جتنی بھی mediation or arbitration ہوتی ہے اس میں وہ ساری باتیں اس میں چلتی ہے۔ تو یہ جو بات ہے کہ before the judgement is passed, آپ اگر اسے معاف کرتے ہیں تو آپ کے پاس اختیار ہے یعنی اگر ورثہ معاف کرتے ہیں but after the judgement is passed, you do not have any authority. For instance the court has passed the judgement تو پھر آپ کے پاس کوئی بھی اختیار نہیں ہے کہ آپ state کے law کو bypass کریں۔ As far as I know about the Islamic laws, مجھے یہی reveal ہوا کہ before the judgement is passed by the state body, آپ اس سے پہلے معاف کر سکتے ہیں لیکن after the judgement is passed, آپ اس کو معاف نہیں کر سکتے۔ So, this is one of the aspects and I totally endorse this resolution. This law has been totally misused in Pakistan’s history and we as members of the Youth Parliament should strong condemn it and we will insha Allah bring the Bill in the last sitting of the session against this Law.

میڈم ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ محترم ہشام ملک صاحب۔

جناب ہشام ملک: شکریہ میڈم سپیکر۔ میں صرف یہ کہنا چاہ رہا تھا کہ میرا یہ مطلب بالکل نہیں تھا۔ اسلام تو بہت پاک دین ہے اس میں کوئی disagreement نہیں ہے لیکن جو اسلام کے ٹھیکیدار ہیں مسئلہ انہوں نے پیدا کیا ہے۔ اگر ہم اجتہاد کو open کریں تو ہم کم از کم ایسے مسائل کو تو block کر سکتے ہیں جس طرح کی چیزیں ہم نے ابھی حال ہی میں witness کی ہیں۔ لہٰذا مسئلہ اسلام میں نہیں کیونکہ اسلام تو بہت پاک اور مکمل دین ہے۔ یہ اسلام کے

ٹھیکیداروں نے کام خراب کیا ہے۔ نبی ﷺ کے زمانے میں جو اسلام تھا اگر اس کا ایک فیصد بھی ہو جائے تو ہم کامیاب ہو جائیں۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: محترمہ انم آصف صاحبہ۔

محترمہ انم آصف: شکریہ میڈم سپیکر۔ مجھے شروع تو ہشام ملک کی statement پر ہی کرنا تھا جو انہوں نے اسلام کے قوانین کے بارے میں انہوں نے کی تھی۔ جو قوانین ہمارے پاکستان کے شرعی قوانین میں شامل کیے گئے ہیں وہ بھی اس کی complete reflection نہیں ہے جو قرآن پاک یا اسلام میں مکمل بتائے گئے تھے۔ دیت کا قانون جس آیت پر based ہے اس کا اختتام ہی اسی جملے ہوتا ہے کہ اگر تو وہ شخص جس نے کسی مومن کو قتل کیا یا خون بہا دینا ہے تو اس کے آخر میں ایک clause mention کیا گیا ہے کہ اگر توہ وہ اس گناہ سے معافی مانگ لیتا ہے اور یہ commit کرتا ہے کہ وہ دوبارہ یہ چیز نہیں کرے گا تو اس کو معاف کیا جا سکتا ہے اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ یہ دیت کی condition بھی جو لاگو ہوتی ہے یہ صرف اس لیے لاگو نہیں ہوگی کیونکہ اس کا misuse ہو رہا ہے اور پیسے دے کر دیت کے قانون کو استعمال کرتے ہیں، you just commit one crime آپ ایک قتل کرتے ہیں اور پھر اس کے بعد آپ اس کے پیسے دیتے ہیں اور پھر اپنے آپ بری الذمہ سمجھ لیتے ہیں۔ ایسا قطعاً اسلام میں نہیں ہے اور نہ ہی یہ ہمارے شرعی قوانین میں موجود ہے۔ اس میں بتایا گیا ہے کہ جب تک جس نے گناہ کیا ہے، جس نے commit کیا ہے وہ اس چیز پر شرم سار نہ ہو، وہ اس چیز کو مکمل طور پر قبول کرے کہ اس نے غلط کام کیا ہے اور یہ کام دوبارہ نہیں ہوگا، صرف ایسی صورتحال میں کہ one person must seek forgiveness تب اسے معاف کیا جائے تب یہ قانون لاگو ہوگا۔ اس کیس میں جس شخص کو سزا سنائی گئی تھی اس کے چہرے پر کہیں بھی شرمندگی کے آثار نہیں تھے۔ اس نے کسی بھی موقع پر یہ نہیں کہا کہ ہاں میں نے ایک غلط کام کیا ہے اور میں اس پر شرمندہ ہوں، یہ کام نہیں ہونا چاہیے تھا اور آئندہ میں ایسا کام نہیں کروں گا۔ اس نے کسی بھی موقع پر معافی طلب نہیں کی۔ پھر کس طرح سے یہ قانون لاگو ہو گیا کہ اس کے ورثہ کو یہ حق مل گیا یا State اپنے آپ کو بری الذمہ سمجھ لیا ہے اس معاملے میں۔

دوسری بات یہ ہے کہ اس مسئلے میں جہاں پر بھی اسلامی قوانین کی بات ہوتی ہے ہر جگہ پر اجتہاد پر اختتام ہوتا ہے۔ کوئی بھی چیز as it is نہ تو آپ کو حدیث، سنت اور قرآن کی آیات میں ملے گی کہ آپ اس کو as it is implement کریں with context, with situation, آپ کے پاس چیزیں دی گئی ہوں اور آپ ہر جگہ پر اسے implement کرتے۔ ہر چیز، ہر فیصلہ، ہر سزا situation کے حساب سے تبدیل ہوتی رہے گی۔ آپ کا context define کرے گا کہ کیا اس جگہ پر وہ سزا لاگو ہوتی ہے یا نہیں ہوتی ہے۔ قتل کی مختلف اقسام ہیں اور اسی حساب سے سزائیں بھی ہیں اور یہ تمام differ کر جائیں گی جب آپ کے حالات تبدیل ہو جائیں گے۔ اس معاملے میں اس قانون میں صرف اس چیز میں ایک point add کرنے کی ضرورت ہے کہ ہر سزا situation کو دیکھ کر اجتہاد کے ساتھ دینی چاہیے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: محترمہ شرمین قمر صاحبہ۔

محترمہ شرمین قمر: شکریہ میڈم سپیکر۔ نبی پاک ﷺ نے فرمایا اور یہ میں نے پڑھا بھی کہ جس معاشرے میں قانون مکڑی کے جالے کی طرح ہو، جو کمزور کو دبوچ لے اور طاقتور سے ٹوٹ جائے، وہاں انصاف بکتا ہے اور جہاں انصاف بکتا ہے وہاں زندگی سسکتی اور بلکتی دکھائی دیتی ہے کیونکہ میڈم سپیکر!

جنہیں زندگی کا شعور تھا انہیں بے زری نے مٹا دیا
جو گراں تھے سینہ خاک پر وہی بن کے بیٹھے ہیں معتبر

محترمہ سپیکر صاحبہ! شاہ زیب قتل ہوتا ہے، عوام باہر نکلتی ہے، اس کے دوست احتجاج کرتے ہیں، اس کے ماں باپ انصاف کے لیے دہائی دیتے ہیں، آپ کی عدالت اس پر action لیتی ہے اور کام شروع کر دیتی ہے اور قاتل شاہ رخ جتوئی کو دبئی سے گرفتار کر کے یہاں لایا جاتا ہے، اس کا trial ہوتا ہے اور اس کے بعد فیصلہ بھی آ جاتا ہے۔ عوام میں ایک احساس پیدا ہوتا ہے کہ آج کے بعد پاکستان میں انصاف ملے گا۔ اگر آواز اٹھائی جائے گی تو کسی امیر کا بیٹا کسی غریب کے بیٹے کو صرف اس لیے نہیں مار دے گا کہ اس کے باپ پاس مال و دولت اور اختیار ہے۔ غریب کا خون آج کے بعد کبھی نہیں بکے گا۔ مگر جناب والا! اس کے بعد کیا ہوتا ہے، آپ سنتے ہیں کہ جی اسے معاف کر دیا جاتا ہے۔ اس میں ہمارے معاشرے کا بھی flaw ہے، آپ کی State وہاں پر فیل ہو جاتی ہے کیونکہ آپ نے ان لوگوں کو اس pressure سے آزاد نہیں کیا، جس میں آکر انہوں نے اس قاتل کو معاف کر دیا۔ کون ماں باپ ہوں گے جو اپنے بیٹے کا خون معاف کریں گے۔ ماں جتنا پیار اپنے بیٹوں سی کرتی میرا نہیں خیال کہ کوئی ماں اپنے بیٹے کا خون معاف کرنے کے لیے تیار ہو جاتی ہے اور صرف اور صرف چند کروڑ روپوں کے عوض۔ میرے خیال میں اپنے بیٹے کے معاملے میں چند کروڑ روپوں کی کوئی اہمیت نہیں ہوتی۔ اگر میرے بھائی کے ساتھ خدانخواستہ کچھ ایسا ہو اور میری ماں کو شاید ساری دنیا کی دولت بھی لا کر دے دی جائے تو وہ اپنے بیٹے کا خون معاف نہیں کرے گی۔ جتنا

ماؤں کو اپنے بیٹے عزیز ہوتے شاید ہی کوئی اور ہوتا ہے۔ لہٰذا آپ کی State کو جہاں قانون فراہم کرنا ہے یا انصاف کی فراہمی دینی ہے وہاں پر State کو یہ خیال بھی رکھنا ہے کہ اگر کوئی غریب انصاف کے لیے دہائی دے تو اسے انصاف فراہم کیا جاتا ہے تو پھر اس کو ان تمام چیزوں سے بھی آزاد کیا جائے کہ کوئی ان کو اس طرح pressurize نہ کرے، کوئی ان کو دھمکیاں نہ دے کہ اگر تم انصاف کے لیے آگے جاؤ گے تو تمہارے ساتھ یہ بھی ہو سکتا ہے۔ یہاں پر آج جو انہوں نے resolution پیش کی ہے میں بلاشبہ اس کو مکمل طور پر endorse کرتی ہوں۔ یہ ایک بہت خوش آئند قرارداد پیش کی گئی ہے اور ہمیں ضرورت ہے کہ جو ہمارا دیت آرڈیننس ہے اس کو revisit کیا جائے کیونکہ اس میں بہت سی ایسی چیزیں ہیں جن کو ہمیں دوبارہ دیکھنا ہے۔ چیف جسٹس صاحب کی طرف سے ایک بہت اچھی پیش رفت بھی ہوئی کہ انہوں نے اس کیس کو Penal Code 309 کے تحت جو فساد فی الارض کے ساتھ connect کر دیا اور اب اس کی conviction آگے کورٹ کرے گی۔ ابھی بھی یہ کیس فارغ نہیں ہوا اور انشاء اللہ تعالیٰ اس پر conviction ہوگی اور امید ہے کہ انصاف دیا جائے گا اور آج کے بعد کوئی بھی امیر صرف اور صرف اس وجہ سے کسی غریب کا خون نہیں کرے گا کیونکہ اس کے باپ کی جیب میں پیسا ہے اور وہ غریب کا خون خرید سکتا ہے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: محترمہ نبیلہ صاحبہ۔

محترمہ نبیلہ جعفر: شکریہ میڈم سپیکر۔ ہم عبدالصمد کی اس بات کو second کرتے ہیں کہ judgement pass ہونے کے بعد آپ کے پاس اختیار ہے یا نہیں ہے کہ آپ اس کو pardon کریں۔ میرے خیال میں ہم نے word revisit اسی لیے استعمال کیا ہے کہ ایک بار اگر کورٹ نے judgement pass کر دی ہے تو اس قانون میں یہ بھی واضح طور پر لکھ دیا جائے کہ اس کے بعد بھی آپ کے پاس اختیار ہے، یعنی مقتول کے ورثہ کے پاس یہ اختیار ہے کہ وہ کسی کو pardon کر بھی سکتے ہیں یا نہیں کر سکتے۔ جب تک اس قانون میں clarity نہیں ہوگی، اسی طرح confusion ہوگی اور ہر فیصلہ controversy میں پڑ جائے گا اور لوگ اس پر confuse ہی ہوتے رہیں گے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: محترمہ بشریٰ صاحبہ۔

محترمہ بشریٰ اقبال راؤ: شکریہ میڈم سپیکر۔ یہاں پر دو لوگوں نے بات کی ہے اس کو میں continue کرتے ہوئے آگے چلوں گی کہ اسلامی قوانین میں ہمیں کسی قسم کا doubt نہیں ہے۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: محترمہ آپ اپنی سیٹ پر آ جائیں پہلے۔

محترمہ بشریٰ اقبال راؤ: جس طرح حدود آرڈیننس تھا، اس resolution میں اس کی کوئی بات نہیں کی گئی ہے لیکن جو قرآن میں ہے۔ قرآن یہ کہتا ہے کہ جو الزام لگائے ایک عورت پر تو اس کو چار گواہ لانے ہوتے ہیں لیکن حدود آرڈیننس کہتا کہ عورت چار گواہ لے کر آئے گی۔ اس طرح کے بہت سارے conflicts ہیں اور اس سلسلے میں جو قوانین بنے ہیں وہ اس طرح سے نہیں بنے ہوئے ہیں۔

دوسری بات، شرمین نے جس طرح کہا کہ کوئی ماں اس طرح معاف نہیں کر سکتی۔ ماں باپ واقعی اس طرح معاف نہیں کر سکتے لیکن ہماری سوسائیٹی اتنا مجبور کر دیتی ہے اور آپ کو پتا ہے اس سلسلے میں جتنے بھی culprits تھے وہ سارے وڈیرے یا landlords تھے۔ وہ جتوئی تھے، ٹالپور تھے۔ وہ ان کو یہ بھی تو کہہ سکتے ہیں کہ اگر تم معاف نہیں کرو گے تو ہم تمہاری بیٹیوں کو اٹھا لیں گے۔ یہ تو اس طرح چیز ہو گئی ہے کہ آپ ان کو مجبور کر رہے ہیں اور ان کے پاس اور کوئی دوسرا راستہ نہیں ہے۔ اس میں تو قانون سے بڑھ کر ایک چیز یعنی معاشرے یا سول سوسائیٹی کا قصور ہے کیونکہ وہ اس پر چپ ہے۔ اس میں تو بہت سے angles نکلتے ہیں، ہماری state کے بہت سے gaps نکلتے ہیں، جن کو صرف law revisit کرکے solve نہیں کیا جا سکتا ہے بلکہ اس کے لیے ایک بہت بڑی strategy and roadmap ہونا چاہیے جس سے آپ ایک مکمل چیز transform کریں۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: محترمہ عائشہ طاہر صاحبہ۔

Miss Aisha Tahir: Thank you madam Speaker. I strongly endorse this resolution and whatever my fellow parliamentarians said about it. It is really appreciable and it is good that we consider these events. Moreover, a little space is left which I want to

discuss, کہ ہم لوگ جب تک یہ چیز سمجھ نہیں لیں گے کہ ایک state responsible ہے کسی کی زندگی کے لیے، کسی کی جان ومال کی حفاظت کے لیے، تب تک ہم ان قوانین کی implementation نہیں کر سکتے۔

دوسری بات یہ ہے کہ کوئی ایسی space نہیں رہنی چاہیے کہ اگر کوئی بندہ یہ سوچے کہ میں کسی کو ماروں اور میں بچ بھی جاؤں تاکہ نہ کوئی کسی کو pressurize کر سکے اور نہ ہی Blackmail کر سکے۔ ہمیں چاہیے کہ ہم یہ معاملہ high authorities تک لے کر جائیں اور اس پر مزید کام ہونا چاہیے۔ شکریہ۔

Madam Deputy Speaker: Someone who want to add any thing. Yes, Mr. Junaid.

جناب جنید اشرف: شکریہ میڈم سپیکر۔ میں صرف ایک دو بتاتیں add کرنا چاہ رہا تھا کہ ہمارے ملک میں جتنے بھی مسائل ہیں مثلاً دہشت گردی وغیرہ ان میں اصل مسئلہ ہمارا value system کا ہے۔ مطلب یہ کہ ہمیں کسی کا احساس ہی نہیں ہے۔ آگے ایک resolution corruption پر بھی آ رہی ہے اور ہم ابھی جس پر بات کر رہے ہیں ان سب میں سارا مسئلہ value کا ہے کہ ہم احساس ہی نہیں کرتے کہ ہم کوئی کام غلط کر رہے ہیں۔ جب بھی ہم کسی سوسائیٹی کو ٹھیک کرنے کی بات کرتے ہیں تو وہ internally شروع ہوتی ہے اور ہر individual سے شروع ہوگی۔ ہر بندہ اگر individually step لے گا اپنے آپ ٹھیک کرنے کے لیے تو آہستہ آہستہ سوسائیٹی خود ہی evolve ہو کر better ہو جائے گی۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: محترم قائد حزب اختلاف صاحب۔

Mr. Kashif Ali: Thank you Madam Speaker. I am really thankful to all the people who have brought this resolution.

میں نے پہلے بھی کہا ہے ملک میں جو سب سے زیادہ serious issues ہیں ان پر اگر کسی نے کام کیا ہے وہ یا تو مطیع اللہ کے علاقے والے ہیں یعنی بلوچستان والے یا پھر ہشام جیسے لوگ ہیں جنہوں نے دو یا تین resolutions لائے ہیں جو بہت اہم تھے اور میرے خیال میں انہوں نے صحیح حق ادا کیا ہے۔ جہاں تک اس resolution کی بات ہے تو میڈم سپیکر! on a personal level یہ شاہ زیب خان کیس جو تھا، یہ میرے لیے دو چیزوں کی وجہ سے بہت اہم تھا۔ I call it a test case for the Pakistani state and Pakistani judiciary for two reasons; (a) You have the idea in this country that you can do any thing that you want as long as you have the impunity and I think this applies to this country as well as to this platform.

(b) That the politicization of religion.

مطلب یہ کہ آپ irony تو دیکھیں۔ اگر آپ یہ دیکھیں کہ West میں پاکستان کو کیوں دیکھا جاتا ہے۔ اس کے دو ہی prism ہیں: Either it is an Islamic Republic of Pakistan, the Islamic aspect or it is a country which has a nuclear weapons and the Taliban are running towards getting the hold of the nuclear weapons. اسی وجہ سے یہ اتنا ironical ہے کہ ایک ایسا ملک جس میں Shariah is not the part of your civil procedure, the civil law governs this country. مگر اس کو politicization of religion کرکے وہی لوگ جو Islamic ideology کا رونا پیٹتے ہیں وہی اسی کا فائدہ اٹھا کر چلے جاتے ہیں اور میرا خیال ہے کہ نبیلہ نے بڑی اہم کی کہ it is all about the rule of law. آپ rule of law کیسے uphold کریں گے۔ وہ تب ہی کریں گے جو آپ کا rule of law میں آتا ہے وہ ایک civil procedure ہے and it is not the Shariah Law. I understand that Shariah Law is the part of the objective resolution. اس میں ایک بہت اہم بات آخر میں بشریٰ نے کہی کہ آپ اس میں society کو blame نہیں کر سکتے، the blame should go to the Pakistani State, it should go to the Judiciary which has shown the serial capitulation. I mean, if the Judiciary want, they can assert it, they can assert the authority to change everything they want. So, it is all about that how the law is and in the law the murder is not an individual concern, it is a concern of the society, جیسے مطیع اللہ صاحب نے کہا۔ لہٰذا میں اس resolution کو fully endorse کرتا and I think we desperately need to revisit these laws. آخر میں، میں وزیراعظم سے دو درخواستیں کروں گا کہ انہوں نے اڑھائی سیشن میں یا تو بولا نہیں ہے اور جب بھی بولا ہے جناح صاحب کی تصویر کی قسم کھانے کے لیے بولا ہے۔ آج وہ اس resolution پر بولیں اور اگر نہیں بولنا چاہتے تو میری یہ بھی درخواست ہے کہ یاسر عباس یا کسی اور کو وزیراعظم بنا دیں کیونکہ وہی ان کے behalf پر بولتے ہیں۔ میں یہ چاہتا ہوں کہ اس ایوان میں وزیراعظم کی کرسی کی بے حرمتی نہ ہو۔ جو اس پر بیٹھا ہوا ہے وہی ان resolutions پر بولے اور وہ قائد ایوان ہیں اور وہ اس کو own کریں۔ وہ بولیں اور clear cut policies دیں کہ ان کا اس پر کیا stance ہے because I speak as my party, I give the opinion as a leader of my party. میں چاہوں گا کہ وزیراعظم بھی اپنا بتائیں کہ پارٹی کا کیا opinion ہے اس پر۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: محترم وزیر اعظم صاحب۔

رانا فیصل حیات: شکریہ میڈم سپیکر۔ مجھے بے انتہا افسوس ہے کہ قائد حزب اختلاف نے اس حساس نوعیت کی resolution میں بھی point scoring کا موقع نہیں چھوڑا۔ میڈم سپیکر! یا تو ان کے کان بند ہو جب میں بولتا ہوں یا پھر شاید یہ اپنے فون پر مصروف ہو جاتے ہیں سازشوں کا حصہ بننے کے لیے۔ خیر میں غیر جمہوری باتیں نہیں کروں گا۔ Resolution پر آتے ہوئے میں یہ کہوں گا کہ یہ اچھی باتیں کی گئی ہیں اور یہ بہت اہم قرارداد تھی کیونکہ ہماری سوسائیٹی میں جو کچھ ہو رہا ہے اور جو کچھ particular Shahzeb murder case میں discuss کیا گیا ہے، اس میں میڈم سپیکر! دو پہلوؤں پر ہمیں جائزہ لینا پڑے گا۔ ایک جو positive چیز ہے وہ یہ ہے کہ civil society باہر نکلی، عدلیہ نے stand لیا، میڈیا نے stand لیا، لوگوں نے stand لیا، اب اگر شاہ زیب کے پاس یا اس کے والد کے پاس

یا شاہ زیب کی فیملی کے پاس جاگیردارانہ setup نہیں تھا، پیسے نہیں تھے یا وہ power نہیں تھی لیکن آپ دیکھیں اس چیز کو بھی appreciate کرنے کی ضرورت ہے کہ سوسائیٹی نے کتنا stand لیا۔ ہم سب لوگ باہر نکلے، میڈیا اٹھی۔ ہر چینل نے، ہر آدمی نے، ہر سیاستدان نے بات کی اور اس زیادتی کے خلاف آواز اٹھائی لیکن میڈم سپیکر! اس کے ساتھ ہی جو افسوسناک اور negative چیز ہے وہ یہ ہے کہ اب ہمیں اندر کہانی کا ابھی تک پتہ نہیں چلا۔ ہمیں یعنی عوام کو صرف اتنا معلوم ہوا کہ معافی ہوگئی۔ یہ ہماری سوسائیٹی کے flaws ہیں۔ خدا جانتا ہے کہ ان کی فیملی پر کیا کیا pressure دیے گئے ہوں گے۔ جیسے شرمین نے کہا کہ کوئی ماں اپنے بیٹے کے خون کو معاف نہیں کر سکتی بیشک اسے دنیا کی دولت دی جائے، یہ بہت بجا بات کہی انہوں نے لیکن اب ہمیں یہ دیکھنے کی ضرورت ہے کہ جنہوں نے murder کیا انہوں نے کیا influence use کیا، کتنا pressure use کیا اور پھر ان کی فیملی کو کس حد تک مجبور کیا اور پریشان کیا، کیا صورتحال رہی۔ اب ان flaws پر ہمیں نظرثانی کرنی چاہیے، ان flaws پر ہمیں سوچنا چاہیے کہ ان کو کیسے بہتر کیا جا سکتا ہے لیکن ہمیں اس میں دو تین چیزیں جو بہت اہم ہیں ان کو دیکھنا چاہیے جن میں ایک جو عدلیہ نے stand لیا، چیف جسٹس آف پاکستان سے لے کر نیچے سندھ ہائی کورٹ تک نے جو stand لیا اور اس کے علاوہ جو civil society and media نے stand لیا، یہ ایک کتنی positive بات تھی کہ انہوں نے اس سوچ کے خلاف stand لیا جو سوچ 302 کے مقدمے میں عدالت سے نکل کر victory کا نشان بناتے ہیں، اس سوچ کے خلاف انہوں نے stand لیا۔ میڈم سپیکر! یہ بہت positive بات ہے اور انشاء اللہ آپ یہ دیکھیں گے کہ آگے جو محرکات اور نکات ہیں صلح کے اور جو راضی نامہ ہوا ہے وہ سامنے آئے گا اور مزید کچھ پتا چلے گا تو پھر اس پر بھی ہمیں دیکھنا پڑے گا کہ ہماری ساسوئیٹی کے جو سنگین نکات ہیں جن کی وجہ سے اس طرح کے واقعات پہلے ہوتے آئے ہیں کہ امیر یا طاقتور غریب پر اپنی طاقت کو مسلط کرتا ہے۔ ہم امید کرتے ہیں کہ انشاء اللہ ہماری سوسائیٹی جس طرح چل رہی ہے، ہم اس میں سے اس چیز کو نکال دیں گے لیکن پھر بات وہی ہے کہ یہ state کا، حکومت کا، عدلیہ کا کام نہیں ہے، ہم سب کو مل کر as a whole یہ کام کرنا ہے۔ ہمیں کام کرنا ہے، عدلیہ کو کرنا ہے، State کو کرنا ہے، میڈیا کو کرنا ہے، عام آدمی نے کرنا ہے، جب we as a nation اس پر کام کرنا شروع کریں گے، اس سوچ کو بدلیں گے تب اس پر کام ہوگا۔ شکریہ۔

Madam Deputy Speaker: Now, I put the resolution to the House moved by Mr. Hazrat Wali Kakar, Mr. Matiullah Tareen, Miss Nabila Jaffer and Mr. Inamullah Marwat that this House is of the opinion that the Government of Pakistan must revisit the Qisas and Diyat Ordinance of 1990 and ensure sufficient mechanisms within the Law to achieve justice and equality for all as guaranteed in Articles 3, 9 and 25 of the Constitution. Furthermore, the Government shall ensure measures to bring justice to the footsteps of the victims and their families.

(The motion was carried.)

Madam Deputy Speaker: The resolution is adopted. Now, the House is adjourned until 2 P.M.

(The House was then adjourned to meet again at 2:00 P.M. on the same day.)

[The House was then reassembled with Mr. Speaker (Wazir Ahmed Jogezai) in the Chair.]

